# 15-04-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

......وزیراعلیٰ تلنگانہ ریونت ریڈی نے حکومت کے عوامی نمائندوں سے اپیل کی کہ وہ زمینی سطح پر حکومت کی اسکیمات کو پہونچائیں۔

......نائب وزیراعلیٰ ملوبھٹی وکرمارکا نے کہا تلنگانہ ایک کروڑ خواتین کو کروڑ پتی اور بااختیار بنانے کے لیے پوری طرح پرعزم ہے۔

......آئی ٹی اینڈ انڈسٹریز کے ریاستی وزیر سریدھر بابو نے اعلان کیا کہ ریاستی حکومت کا مقصد حیدرآباد میں دو سو ملین مربع فٹ گریڈ اے کمرشل اسپیس حیدرآباد میں دو ہزار تیس تک فراہم کرنا ہے۔

......آکاشوانی اور نیوز سروس ڈویژن، کی ڈائمنڈ جوبلی تقریبات کے موقع پر ڈائرکٹر جنرل، ڈاکٹر پرگیہ پالیوال گور نے کہا کہ براڈ کاسٹنگ ٹکنالوجی کو اینالاگ سے ڈیجیٹل ٹرانسمیٹر کی طرف منتقل کرنے سے نشریاتی صلاحیتوں میں اضافہ ہوا ہے۔

CM

وزیراعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے الزام لگایا کہ بی جے پی اور بی آر ایس  مشترکہ طور پر کانچہ گچی باولی اراضی پر حکومت کے خلاف غلط بیانی سے کام لیتے ہوئے مہم چلارہے ہیں۔ حیدرآباد میں آج سی ایل پی اجلاس سے  خطاب کرتے ہوئے وزیراعلی نے کہا کہ اپوزیشن اس معاملے میں اے آئی کا استعمال کرتے ہوئے جھوٹی مہم چلارہی ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے بھی اس مہم پر یقین کیا اور کہا کہ یہاں بلڈزور بھیجے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایس سی درجہ بندی اور ذات پات کی مردم شماری نے بی جے پی کو ہلا کررکھ دیا ہے۔ انہوں نے بی جے پی قائدین سے مطالبہ کیا کہ وہ وضاحت کریں کہ بی جے پی زیراقتدار ریاستوں میں باریک چاول کیوں فراہم نہیں کیئے جارہے ہیں۔ اندراما ہاوزنگ اسکیم کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعلی نے کہا کہ یہ اسکیم ملک کے لئے رول ماڈل بن گئی ہے۔ وزیراعلی نے مزید کہا کہ مکانات حقیقی مستحقین کو ہی دیئے جائیں گے۔ انہوں نے عوامی نمائندوں سے اپیل کی کہ وہ زمینی سطح پر حکومت کی اسکیمات کو پہونچائے۔

BHATTI -STREE

نائب وزیراعلیٰ مالوبھٹی وکرمارکا نے کہا تلنگانہ ایک کروڑ خواتین کو کروڑ پتی اور بااختیار بنانے کے لیے پوری طرح پرعزم ہے، وہ آج حیدرآباد میں استری سمٹ 2.0 کے افتتاح کے موقع پر مخاطب تھے جس کا اہتمام حیدرآباد پولیس نے حیدرآباد سٹی سیکیورٹی کونسل (HCSC) کے تعاون سے کیا تھا۔ نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر جو ہندو کوڈ بل کی پشت پناہی کی تھی اور انہوں نے حقیقی معنوں میں خواتین کو بااختیار بنانے کی جدوجہد کی تھی۔ انہوں نے بیواوں کی  دوبارہ شادی اور تعدادازدواج کی مخالفت کرتے ہوئے ان قوانین کے نفاذ کی کوشش کی تھی۔ ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ اس سلسلے میں ریاست پہلے ہی 21,000 کروڑ روپے سے زیادہ کے بلاسودی

قرضے خواتین کو فراہم کر چکی ہے اور انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت نے 1,000 میگاواٹ واپس برقی پاور کے یونٹوں کو دوبارہ قائم کرتے ہوئے خواتین کے سیلف ہلپ گروپس یونیٹوں سے برقی خریدی جارہی ہے۔

Sound byte

انہوں نے یہ بھی کہا کہ ریاست نے بسیں خریدی ہیں اور انہیں خواتین گروپس کے حوالے کر دیا ہے، جواب تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (TGSRTC) کے ساتھ گٹھ جوڑ کے ذریعہ روزگار حاصل کر رہی ہیں۔ حیدرآباد پولیس کمشنر سی وی آنند، سینئر پولیس حکام، غیر سرکاری تنظیموں اور خواتین کے نمائندوں کے علاوہ دیگر افراد نے اس سمٹ میں شرکت کی۔

SIRDHAR

آئی ٹی اینڈ انڈسٹریز کے ریاستی وزیر سریدھر بابو نے آج اعلان کیا کہ ریاستی حکومت کا مقصد حیدرآباد میں دو سو ملین مربع فٹ گریڈ اے کمرشل اسپیس حیدرآباد میں دو ہزار تیس تک فراہم کرنا ہے۔ وہ سٹیزنس فینانشل گروپ یو ایس اے۔ اور کاگنیزنٹ کیپابلیٹی سنٹر کے زیر اہتمام نانک رام گوڑہ ہائی ٹیک سٹی میں منعقدہ سٹیزنس گلوبل کیپابلیٹی سنٹر کا افتتاح انجام دے رہے تھے۔ اس موقع پر وزیر موصوف نے اس بات پر زور دیا کہ حیدرآباد تیزی سے ایک عالمی کاروباری مرکز میں تبدیل ہو رہا ہے۔ جس کے نتیجے میں اعلی معیار کے تجارتی جگہ کی مانگ میں اضافہ ہوا ہے۔ اور اس میں اس سال چھپن فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ مختلف فرموں کی جانب سے گذشتہ سال ایک اعشاریہ آٹھ ملین مربع فٹ اراضی لیز پر دی گئی تھی۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ ہندوستان کی جی ڈی پی میں تلنگانہ کا حصہ دو ہزار تیس تک ایک ٹریلین ڈالر تک پہونچ جائے گا۔

PREZ-IAS MEET

آج راشٹر پتی بھون میں 2023 بیچ کے آئی اے ایس افسران نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ مقامی اور ریاستی سطح پر ان افسران کی طرف سے کئے گئے ترقیاتی اور عوامی بہبود کے کام قومی اہداف کے حصول میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ وہ افسران کے حقوق اور سرکاری ملازمین کی ذمہ داریوں کے درمیان توازن کو ہمیشہ یاد رکھیں۔ اس نکتے پر زور دیتے ہوئے نوٹ کیا کہ ان کے حقوق کو اپنی ذمہ داریوں کو مؤثر طریقے سے نبھانے کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔

WANAPARTI

ونپرتی ضلع میں پردھان منتری مدرا یوجنا اسکیم کامیابی سے لاگو کی جارہی ہے . اس اسکیم کے ذریعے زیادہ تر چھوٹے اور معمولی کاروباری لوگ مستفید ہوتے ہیں۔ ترون پلس اسکیم میں حکومت نے قرض کی رقم کو 10 لاکھ سے بڑھا کر 20 لاکھ روپے کر دیا ہے جنہوں نے پہلا قرض مکمل کیا ہے۔

Sount byte By kushal kishore pandey

CIVIL SUPPLIES

پرنسپل سکریٹری برائے امور صارفین، خوراک اور شہری سپلائی ڈپارٹمنٹ حکومت گجرات نے اپنے دورہ تلنگانہ کے دوران پنجہ گٹہ اور اے. جی کالونی میں واقع دو جن پوشن کیندروں کا دورہ کیا۔انہوں نے تلنگانہ حکومت کی طرف سے ٹارگٹ استفادہ کنندگان میں ضروری اشیاء کی تقسیم میں اپنائے گئے فول پروف ای پی او ایس سسٹم کی ستائش کی ۔انھوں نے شفاف اور موثر پبلک ڈسٹری بیوشن سسٹم کے لیے ٹیکنالوجی کا فائدہ اٹھانے میں ریاست کی کوششوں کی ستائش کی ۔تلنگانہ سیول سپلائیز کے پرنسپل سکریٹری ڈی ایس چوہان نے محکمہ کے کاموں کا ایک جائزہ پیش کیا، جس میں گزشتہ سال متعارف کرائی گئی کلیدی اصلاحات پر روشنی ڈالی ۔

AIR DIAMOND JUBILEE

آ کاشوانی اور نیوز سرویس ڈویژن، کی ڈائمنڈ جوبلی تقریبات کے موقع پر آ کاشوانی حیدرآباد کیندر کے ڈائرکٹر جنرل، ڈاکٹر پرگیہ پالیوال گور نے آج اس اہم موقع پر پائلن کی نقاب کشائی کی ۔اس موقع پر آ کاشوانی حیدرآباد کے عہدیداروں اور عملے سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر پرگیہ پالیوال گور نے کہا کہ براڈ کاسٹنگ ٹکنالوجی کو اینالاگ سے ڈیجیٹل ٹرانسمیٹر کی طرف منتقل کرنے سے اس کی نشریاتی صلاحیتوں میں اضافہ ہوا ہے اور اسی طرح انٹرنیٹ ٹکنالوجی کو اپنانے سے اس کی رسائی میں اضافہ ہوا ہے اور مختلف چینلز کی لائیو اسٹریمنگ کو بھی فعال کیا گیا ہے۔انہوں نے یاددلایا کہ آ کاشوانی حیدرآباد کی دیہی اور شہری آبادی میں ایک مضبوط موجودگی ہے جو کہ سات زبانوں میں مواد نشر کر کے متنوع آبادیوں کو پورا کرتی ہے جس سے حقیقی جامعیت اور وسیع رسائی ممکن ہے ۔

Sound byte Pargiya palival

ٹیم آ کاشوانی حیدرآباد کو مبارکباد دیتے ہوئے ڈی جی نے آ کاشوانی کے مشن میں مسلسل کامیابی کی خواہش ظاہر کی تا کہ سامعین کو آگاہی، تعلیم اور تفریح فراہم کی جاسکے۔آ کاشوانی کے ڈی ڈی جی (ای) اور کلسٹر ہیڈ ہری سنگھ، دوردرشن کے ڈی ڈی جی (ای) این وی رمنا، علاقائی نیوز یونٹ کے سربراہ ایم ایس مہیش اور آ کاشوانی پروگرام کے سربراہ ایس رمیش، آ کاشوانی کے کئی سینئر افسران اور عملہ نے پروگرام میں شرکت کی ۔

RAINS

کئی دنوں کی شدید گرمی کے بعد آج حیدرآباد کے کچھ حصوں میں ہلکی بارش سے عوام کو کچھ راحت ملی ۔ٹھنڈی ہوا کے ساتھ ہلکی بونداباندی نے رہائشیوں کو موسم سے لطف اندوز ہونے کے لئے گھروں اور کام کی جگہ سے باہر نکلنے پر آمد کیا۔حیدرآباد ٹریفک پولیس نے اڈوائزری جاری کرتے ہوئے ہدایت دی کہ موسم کے بدلتے ہوئے حالات کو دیکھ کر گاڑی احتیاط سے چلائیں۔اس دوران ہندوستان محکمہ موسمیات ۔آئی ایم ڈی۔مزید غیر موسمی بارش اور موسم کی پیشن گوئی ہے۔اس ماہ کی سترہ تاریخ تک ریاست کے مختلف حصوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش اور تیز ہواوں کی پیشن گوئی کی گئی ہے۔

HEATWAVE

تلنگانہ حکومت نے ریاست میں ۔ ہیٹ ویو، سن اسٹروک، اور دھوپ کی وجہ سے اموات کو ریاست کے لیے مخصوص آفت قرار دیا ہے۔

حکومت نے ہیٹ ویو کے متاثرین کے لواحقین کو فراہم کی جانے والی مالی امداد 4 لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔اس کا اعلان کرنے والا ایک سرکاری حکمنامہ آج اسپیشل چیف سکریٹری ( ڈیزاسٹر مینجمنٹ ) اروند کمار نے جاری کیا۔ابھی تک اپاتھ بندھو اسکیم کے تحت خاندانوں کو صرف 50,000 روپے کی پیشکش کی جارہی تھی۔ تازہ ترین حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ اضافی مالی امداد اسٹیٹ ڈیزاسٹر رسپانس فنڈ (SDRF) سے فراہم کی جائے گی۔ ہندوستانی محکمہ موسمیات ( آئی ایم ڈی ) کے مطابق، ریاست کے بیشتر حصوں میں 2024 میں کم ازکم 15 ہیٹ ویو دنوں کا سامنا کرنا پڑا، نلگنڈہ، منچیریال، پداپلی اور جگتیال جیسے اضلاع میں 30 دنوں سے زیادہ کی اطلاعات ملی تھیں۔

IPL

آئی پی ایل دو ہزار پچیس سیزن کا اکتسیواں میاچ آج پنجاب کنگس اور کولکتہ نائٹ رائٹرس کے درمیان چندھی گڑھ کے ملن پور اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔دونوں ٹیمیں میاچ کو جیتنے کی بھرپور کوشش کریں گی۔ دونوں ٹیمیں جیت اور رنوں کے حساب سے درمیان میں کھڑی ہیں۔